کے سب سے بڑے علم بردار تھے۔ صحابہ کے مقام و منصب کے تحفظ اور ان کی سیرت و سوانح کو بیان کرنے میں حضرت ابوذر بخاری اپنے عہد میں ممتاز اور منفرد ہیں۔ جامعہ خیر المدارس کے مہتمم قاری محمد حنیف جالندھری نے کہا کہ حضرت ابوذر بخاری کی زندگی ایک بیدار مغز، باخدا، اولوالعزم اور انقلابی قائد کی زندگی تھی۔ وہ علماء حق کی عظیم روایات کے عظیم وارث تھے۔ جماعت اسلامی کے راؤ ظفر اقبال نے کہا کہ حضرت ابوذر بخاری کی رحلت پوری ملت اسلامیہ کا نقصان ہے۔ مولانا سید عطاء المہیمن بخاری نے کہا کہ حضرت ابوذر بخاری نے عمر بھر استحصالی افکار و نظریات کا توڑ پیدا کیا اور اسلامی اصول و عقائد کی خالص دینی جدوجہد کی۔ انہوں نے انسانی نظاموں کے خاتمہ اور الٰہی نظام کی بقاء و نفاذ کے لئے زبردست محنت کی۔ سید محمد کفیل بخاری نے کہا کہ حضرت ابوذر بخاری کی دینی بصیرت مجتہدانہ اور ان کی حیات و خدمات مجددانہ ہیں۔ انہوں نے چالیس سال کی مسلسل محنت سے ایک نظریے، ایک عقیدے اور ایک فکر کی آبیاری کی۔ اور ان کی محنت کا ماحصل اسلام کو ایک زندہ حقیقت اور سچے دین کے طور پر نئی نسل کے دلوں میں جاگزیں کرنا تھا۔ عبداللطیف خالد چیمہ نے کہا کہ حضرت ابوذر بخاری نے دینی جدوجہد میں مزاحمت کا راستہ اختیار کیا اور مفاہمت کی مذمت کی۔ جلسے سے مولانا عزیز الرحمٰن جالندھری، مولانا محمد اسحٰق سلیمی، مولانا محمد مغیرہ، مولانا عبدالحق مجاہد، مولانا محمد یوسف احرار اور دیگر مقررین نے بھی خطاب کیا۔

مولانا ابوریحان بنام ماسٹر محمد امین

آئندہ شمارے میں محقق اہل سنت قاطع سبائیت مولانا ابوریحان کا تحقیقی مقالہ بجواب ماسٹر محمد امین شائع ہو رہا ہے (انشاء اللہ)۔ ادارہ

قائد احرار، جانشینِ امیر شریعت مولانا سید ابو معاویہ ابوذر بخاری نور اللہ مرقدہ کی یاد میں نقیب کی خاص اشاعت

قارئین نقیبِ ختم نبوت اور تمام احرار کارکنوں سے گزارش ہے کہ قائد احرار جانشینِ امیر شریعت حضرت مولانا سید ابومعاویہ ابوذر بخاری نور اللہ مرقدہ کی تقاریر کے کیسٹ، خطوط، آٹو گراف اور تصاویر اگر ان کے پاس محفوظ ہوں تو ادارہ کو مطلع فرمائیں۔ دستاویزی ریکارڈ کی اچھی فوٹو سٹیٹ اور تقاریر کے اچھے کیسٹ ادارہ کو ارسال فرمائیں تو ادارہ ان کے تمام مصارف اداء کرے گا۔ ماہنامہ نقیب ختم نبوت عنقریب جانشینِ امیر شریعت کی شخصیت پر خاص اشاعت کا اہتمام کر رہا ہے۔ آپ اپنی یادداشتیں اور تأثرات جلد تحریر کر کے ادارہ کو ارسال فرمائیں (ادارہ)